**AGA KHAN UNIVERSITY EXAMINATION BOARD**

**SECONDARY SCHOOL CERTIFICATE**

**CLASS IX EXAMINATION**

**MAY 2016**

**Urdu Compulsory Paper II**

**Time: 2 hours 15 minutes Marks: 45**

AKU-EB MAY EXAMINATIONS 2016

## ہدایات

**درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے۔**

1۔ آپ اپنا نام اور اپنے اسکول سے متعلق کوائف کو غور سے پڑھیے اور اگر وہ درست ہیں تو دستخط کیجیے۔

| |
|---|
| **میں تصدیق کرتا / کرتی ہوں کہ میرا اور میرے اسکول کا نام درست ہے۔** <br> **امیدوار کے دستخط** |

2۔ **خصوصی ہدایت:** اس پرچے میں کل **پانچ** سوالات ہیں۔ تمام سوالوں کے جوابات دیجیے۔

3۔ اپنے جوابات لکھتے وقت ان باتوں کا خیال رکھیے:

ہر سوال کو غور سے پڑھیے۔

اپنا جواب تحریر کرنے کے لیے سیاہ روشنائی کا استعمال کیجیے۔ اپنے جوابات تحریر کرتے وقت پنسل کا استعمال نہ کیجیے۔

شکل کے لیے سیاہ پنسل استعمال کیجیے۔ رنگین پنسل ہرگز استعمال نہ کیجیے۔

کسی بھی قسم کی پِن، گوند یا سیاہی مٹانے والی کوئی بھی چیز استعمال نہ کیجیے۔

صفحے کے چوکھٹے (باکس) کے باہر کچھ نہ لکھیے۔ اپنا جواب صرف دی گئی سطور میں مکمل کیجیے۔

4۔ ہر سوال کے نمبر قوسین ( ) میں دیے گئے ہیں۔

**حصۂ نثر:**

سوال۔1 (کل7نمبر)

(الف) آپ نے سجاد حیدر یلدرم کا مضمون '' **مجھے میرے دوستوں سے بچاؤ** '' میں ایک دوست کا احوال پڑھا ہے۔آپ بتائیں کہ دوست / سہیلی کو کیسا ہونا چاہیے؟ تین نکات اس حوالے سے تحریر کیجیے۔ (4نمبر)

(ب) ڈپٹی نذیر احمد کے سبق '' **صبح خیزی اور پڑھنے کے فائدے**'' میں محمودہ کی استانی نے اسے نصیحت کی ہے۔ اگر آپ کی استانی / استاد نے آپ کو کوئی نصیحت کی ہے تو اس کو اپنے الفاظ میں تحریر کیجیے نیز یہ بھی بتایئے کہ اُس نصیحت کا آپ پر کیا اثر ہوا ؟ (3نمبر)

AKU-EB MAY EXAMINATIONS 2016

**حصہ ٔ نظم:**

سوالـ2 (کل 8 نمبر)

(الف) نظم ''**کسان**'' کا مرکزی خیال تحریر کیجیے اور یہ بھی بتایئے کہ جوشؔ نے کسان جیسی شخصیت کا انتخاب اپنی نظم کے لیے کیوں کیا؟ (3نمبر)

(ب) ایک ایسا شعر تحریر کیجیے جو مطلع **یا** مقطع کی تعریف پر پورا اُترتا ہو۔ (2نمبر)

AKU-EB MAY EXAMINATIONS 2016

(ج)

عبادت ہے سراپا جذبۂ تعمیرِ آزادی
شہادت مستقل اک سرخئ تحریرِ آزادی
جہاں آزاد کرسکتے نہ ہوں تقریرِ آزادی
وہ آزادی مری نظروں میں ہے تحقیرِ آزادی

درج بالا بند کو پیشِ نظر رکھتے ہوئے آزادی کی قدر و قیمت پر دو نکات تحریر کیجیے۔ (3نمبر)

AKU-EB MAY EXAMINATIONS 2016

**تبصرہ نگاری:**

سوال۔3 (کل 7 نمبر)

**"وقت قیمتی دولت ہے جس کے برابر کوئی اور دولت نہیں۔"** تبصرہ کیجیے۔

AKU-EB MAY EXAMINATIONS 2016

## تخلیقی تحریر:

سوالـ4 (کل 15 نمبر)

تصویری خاکے کا مطالعہ کیجیے اور بتایئے کہ ان تمام باتوں کا اثر براہِ راست کس پر پڑ رہا ہے۔ نتیجے کی صورت میں کہانی یا روداد تحریر کیجیے۔




**ہدایات:**

1۔ اپنی تحریر کا عنوان تجویز کیجیے۔

2۔ دورِ حاضر کے واقعات کو مدِ نظر رکھیے۔

3۔ طنز و مزاح کی خوبی اضافی سمجھی جائے گی۔

4۔ لکھنے کے لیے جس صنف کا انتخاب کریں اُس پر ✓ کا نشان لگائیں۔

کہانی/روداد

AKU-EB MAY 2016

AKU-EB MAY EXAMINATIONS 2016

براہِ کرم صفحہ الٹیے

AKU-EB MAY EXAMINATIONS 2016

سوال۔5 (کل 8 نمبر)

آپ کے اسکول میں گزشتہ دنوں 'پوسٹر' بنانے کا انعامی مقابلہ مقامی امتحانی بورڈ نے منعقد کروایا۔ جس کا موضوع ایسے گاؤں اور دیہات تھے جو قدرتی ذرائع سے اپنے استعمال کے لیے بجلی خود پیدا کر رہے ہیں۔ اس مقابلے میں آپ اور آپ کے / کی ہم جماعت ساتھیوں نے بڑھ چڑھ کر حصّہ لیا۔ اس مقابلے کے نتائج کے بارے میں اپنے دوست / سہیلی کو خط کے ذریعے آگاہ کیجیے۔

AKU-EB MAY EXAMINATIONS 2016

AKU-EB MAY EXAMINATIONS 2016

اختتام

# Please use this page for rough work

AKU-EB MAY EXAMINATIONS 2016

# Please use this page for rough work

AKU-EB MAY EXAMINATIONS 2016